أَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے تمام گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں

جو میرا رب ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا إِلٰهَ
إِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَیْهِ

میں اللہ عظیم و برتر سے معافی چاہتا ہوں
جو زندہ اور قائم ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا

إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اے پروردگار! ہمارا نور مکمل کردے اور ہمیں معاف کردے،

بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ
وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ

اے پروردگار! بخش دے اور رحم فرما، آپ بہترین رحم کرنے والے ہیں۔

رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي

اے پروردگار! میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے تو مجھے معاف کر دے۔

SHAHOOD AHMED

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّكَ اللّٰهُ
اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

اے پروردگار! بخش دے اور رحم فرما،

بے شک آپ بلند اور عزت والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی خَطَایَایَ وَذُنُوبِی كُلَّهَا

اے اللہ! میری تمام خطاؤں اور گناہوں کو معاف فرما دے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

اے اللہ! میرے گناہ معاف کر دے، میری توبہ قبول فرما،
بے شک تو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِيْ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي وَاهْدِنِي

اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما،

اے اللہ! مجھے بخش دے اور میری رہنمائی فرما۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ

اے ہمارے پروردگار! ہم نے خود ہی پر ظلم کیا ہے اور اگر آپ نے ہمیں معاف نہیں کیا اور ہم پر رحم نہیں کیا تو ہم نقصان اُٹھانے والوں میں ہو جائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتِكَ أَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِي وَرَحْمَتَكَ أَرْجٰى عِنْدِي مِنْ عَمَلِيْ

اے اللہ! تیری بخشش میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے،
میں اپنے اعمال کی نسبت تجھ سے رحمت کی اُمید کرتا ہوں۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ

اے اللہ! تو پاک ہے اور تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں،

میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے،

تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِی وَلِوَالِدَیَّ رَبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیَانِی صَغِیرًا

اے اللہ! مجھے اور میرے والدین کو معاف فرما، اے اللہ! ان پر رحم فرما جس طرح انھوں نے میری بچپن میں پرورش کی۔

رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے، ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہوں کو اور ہم سے اپنے کاموں میں جو زیادتی ہوئی ہو اس کو بھی معاف فرما دے، ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا
سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ

اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ بخش دیجیے، ہماری برائیوں کو ہم سے
دور کردیجیے اور ہمیں نیک لوگوں میں شامل کرکے اپنے پاس بلائیے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ

وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ

اے ہمارے رب! میری مغفرت فرمایئے اور میرے والدین کی

اور مومنین کی جس دن حساب قائم ہوگا۔

رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے، ہمیں معاف فرما، ہم پر رحم فرما، بے شک آپ بہترین رحم کرنے والے ہیں۔

رَبَّنَا وَسِعۡتَ كُلَّ شَيۡءٍ رَّحۡمَةً وَّعِلۡمًا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِيۡنَ تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا سَبِيۡلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ

اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور علم ہر چیز پر محیط ہے،
معاف کردے ان لوگوں کو جنھوں نے توبہ کی اور تیرے راستے پر چلے
اور انھیں جہنم کے عذاب سے بچا لے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَتُبْ عَلَيَّ
إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

اے پروردگار! مجھے معاف کر دے، میں توبہ کرتا ہوں،
بے شک تو توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ
سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو بخش دے
جو ہم سے پہلے ایمان لائے۔

رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡ فِىۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيۡنَ
اٰمَنُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ

اے ہمارے پروردگار! ہمارے دل ایمان والوں کی طرف سے صاف کردے،
بے شک آپ نرمی کرنے والے رحم کرنے والے ہیں۔

SHAHOOD AHMED

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ
كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ
أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنائیے،
ہمارے پروردگار! ہماری مغفرت فرما دیجیے،
یقیناً آپ کامل اقتدار والے اور کامل حکمت والے ہیں۔

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ

وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا

وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اے میرے پروردگار! میری بھی بخشش فرما دیجیے اور میرے والدین کی بھی
اور ہر اس شخص کی بھی جو میرے گھر میں ایمان کی حالت میں داخل ہوا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ
وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْٓ اَمْرِیْ
وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ

اے اللہ! معاف کر دے میری خطاؤں کو اور میری نادانی کو اور معاملات میں
حد سے تجاوز کرنے کو اور ان گناہوں کو بھی جنھیں تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ

وَمُنْجِیَاتِ اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ

اِثْمٍ وَّالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ

بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ

اے اللہ! ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے تیری عظیم مغفرت کا اور اپنے

کاموں میں تیری نجات کا اور ہر گناہ سے سلامتی کا اور ہر نیکی میں سے حصہ کا

اور جنت کی صورت میں کامیابی کا اور آگ سے نجات کا۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ

خَطَئِیْ وَعَمَدِیْ

اے اللہ! میرے دانستہ و نادانستہ گناہوں کو معاف کر دے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ

وَاهْدِنِي السَّبِيْلَ الْاَقْوَمَ

اے پروردگار! بخش دے اور رحم فرما

اور مجھے سیدھے راستہ پر چلا۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ
وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاھْدِنِیْ

اے اللہ! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت عطا فرما
اور مجھے رزق عطا فرما اور مجھے ہدایت عطا فرما۔

رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ

اے پروردگار! میری توبہ قبول فرما،
میرے گناہوں کو دھو دے اور میری دعا قبول فرما۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ
عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ
النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا كُلَّهُ

اے اللہ! ہمیں معاف فرما، ہم پر رحم فرما، ہم سے راضی ہو جا، ہمیں جنت
میں داخل فرما، ہمیں آگ سے بچا لے اور ہمارے حال کو درست فرما۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ خَیۡرِ مَا تَعۡلَمُ وَاَسۡتَغۡفِرُکَ مِمَّا تَعۡلَمُ اِنَّکَ اَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ

اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں بھلائی کا جو آپ جانتے ہیں

اور مغفرت طلب کرتا ہوں اس چیز سے جو آپ جانتے ہیں،

بے شک تو چھپی باتوں کو جاننے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ

اے اللہ! میرے اگلے، پچھلے، ظاہر اور چھپے ہوئے گناہوں کی مغفرت فرما اور ان تمام گناہوں کی مغفرت فرما جنھیں آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡٓ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ

اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں نیک کام کرنے،
غلط کام چھوڑنے کا اور غریبوں سے محبت کرنے کا اور سوال کرتا ہوں کہ
آپ مجھے بخش دیں اور رحم فرمائیں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما، میرے گھر میں وسعت عطا فرما اور میرے رزق میں برکت عطا فرما۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَارْحَمْنِىْ وَعَافِنِىْ
وَاهْدِنِىْ وَارْزُقْنِىْ وَاجْبُرْنِىْ وَارْفَعْنِىْ

اے اللہ! مجھے معاف فرما، مجھ پر رحم فرما، مجھے عافیت عطا فرما،
مجھے رزق عطا فرما، میرے نقص کو درست فرما اور مجھے بلندی عطا فرما۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ
فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ وَأَهْلِیْ وَمَالِیْ

اے اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا، اپنے کنبے اور اپنے مال میں
بخشش اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاخْسَأْ شَیْطَانِیْ وَفُكَّ رِهَانِیْ وَثَقِّلْ مِیْزَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ النَّدِیِّ الْاَعْلٰی

اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما، میرے شیطان کو مجھ سے دور فرما، میرے نفس کو (آگ سے) آزاد فرما، میرے میزان کو بھاری فرما اور مجھے اعلیٰ مجلس والوں میں شامل فرما۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ

اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں شامل فرما
اور مجھے پاک لوگوں میں شامل فرما۔

سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ لَا اِلٰهَ غَیْرُكَ اِغْفِرْلِیْ
ذَنْبِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ عَمَلِیْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
لِمَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

اے اللہ تو پاک ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میرے گناہوں کو بخش دے
اور میرے اعمال کو درست فرما، تو جس کے چاہتا ہے گناہ بخش دیتا ہے،
تو بخشنے والا مہربان ہے۔

يَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ یَا تَوَّابُ تُبْ عَلَیَّ یَا رَحْمٰنُ اِرْحَمْنِیْ یَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّیْ یَا رَءُوْفُ اُرْؤُفْ بِیْ یَا رَبِّ اَوْزِعْنِیٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ

اے بخشنے والے مجھے بخش دے، اے توبہ قبول کرنے والے میری توبہ قبول فرما، اے رحمٰن مجھ پر رحم فرما، اے درگزر کرنے والے مجھ سے درگزر فرما، اے نرمی کرنے والے مجھ پر نرمی فرما۔ اے میرے رب! مجھے ان نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے اللہ! اپنی رحمت سے معاف فرما مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں، اے رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔